سوال

مجھے ایک سال سے (Opticneuritis) آپٹک نیورائٹس کی بیماری لاحق ہے، میں نے اس کا علاج کروایا ہے، اس بیماری کے اسباب کے متعلق تین مختلف معالجین سے رجوع کیا، ان میں سے پہلی لیڈی ڈاکٹر نے مجھے کہا کہ : بہت کم امکان ہے کہ آپ کو (Sclerosis) سکلیروسیس کی بیماری لاحق ہو، اوراس بیماری کی ابتدائی علامات میں یہ ہوتا ہے کہ انسان (Opticneuritis) آپٹک نیورائٹس میں بتلا ہوجاتا ہے، لیکن یہ واضح رہے کہ میں نے بہت کم امکان کا کہا ہے، ویسے اس بیماری کے لاحق ہونے کا ثبوت 10 یا 15 سال کے بعد ہی یقینی ہوتا ہے، اب (Sclerosis) سکلیروسیس حرام مغز کولاحق ہونے والی بیماری ہے اوراس کی وجہ سے جسمانی معذوری رونما ہوسکتی ہے۔ دوسری لیڈی ڈاکٹر نے مجھے کہا کہ : یہ وائرس کی وجہ سے اعصاب کولاحق ہونے والا انفیکشن ہے، (Sclerosis) سکلیروسیس کا کوئی وجود نہیں ہے۔ تیسرے ڈاکٹر نے بھی آخرالذکر بیماری مجھ میں پائے جانے کی نفی کی ہے۔ تواب میرے لیے ایک لڑکے کا رشتہ آیا ہے، توکیا مجھ پر اسے اس ممکنہ بیماری کے متعلق بتلانا ضروری ہے؟

جواب

الحمدللہ

جن عیوب کوشادی سے پہلے بیان کرنا ضروری ہے ان کے بارے میں فقہائے کرام کا اختلاف ہے، توجمہور نے ان عیوب کوایسے نقائص میں محصورکیا ہے جن کی وجہ سے لذت اٹھانے میں رکاوٹ پیدا ہو، مثلاً : پاگل پن، کوڑھ، برص، اور شرمگاہ کے عیوب وغیرہ۔

دوسرا موقف یہ ہے کہ : کوئی بھی ایسا عیب جس کی وجہ سے میاں بیوی ایک دوسرے سے نفرت کریں، اوراس عیب کی وجہ سے نکاح کا اصل مقصد؛ باہمی پیاراور محبت پیدانہ ہو تو ایسی صورت میں اس عیب کو بتلانا ضروری ہے، اوراگر کوئی ایسا عیب چھپا کررکھے تواس سے نکاح فسخ کیا جائے گا۔

ابن قیم رحمہ اللہ کہتے ہیں :
"قیاس تو یہ ہے کہ ہر ایسا عیب جس کی بنا پر زوجین ایک دوسرے سے نفرت کرنے لگیں اور نکاح کا اصل ہدف باہمی پیار و محبت پیدانہ ہو تو اس پر دونوں کو نکاح باقی رکھنے یا فسخ کرنے کا اختیارلازمی طور پر دیا جائے گا۔" ختم شد
"زادالمعاد" (166/5)

اوریہی موقف راجح ہے۔

جیسے کہ ہم اس کی تفصیلات پہلے سوال نمبر : (111980) میں ذکر کرآئے ہیں، اوراس کے ضابطے کے لئے تین بنیادی نکات ہیں :

1. بیماری ازدواجی زندگی پر موثر ہو، نیز بچوں اور خاوند کے حقوق ادا کرنے میں رکاوٹ بنے۔
2. شکل وصورت یا بوایسی ہوکہ جس سے خاوند متنفر ہو۔
3. بیماری حقیقی طور پر موجود ہواور ہمیشہ رہے، بیماری محض وہمی یا خیالی نہ ہو، نہ ہی ایسی ہوکہ جو آئے اور وقت گزرنے پر چلی جائے، یا شادی کے بعد بیماری ختم ہوجائے۔

ان تمام تفصیلات کی بنا پر : آپ کےلئے یہ لازمی نہیں ہے کہ آپ انہیں بتلائیں کہ آپ (Opticneuritis) آپٹک نیورائٹس بیماری میں بتلاہیں؛ کیونکہ آپ نے اس کا علاج کروایا ہے۔

نیز جو ممکنہ بیماری ابھی تک ثابت ہی نہیں ہوئی اس پر آپ توجہ نہ دیں، ویسے بھی اس بیماری کے متعلق پختہ اور حتمی رائے قائم کرنے کے لئے دس سال چاہییں۔

واللہ اعلم

اسلام سوال وجواب

248799